# فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : علی کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے

<"xml encoding="UTF-8?>




بَابٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صلي الله عليه وآله وسلم : أَلنَّظْرُ إِلَي وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ

(فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : علی کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے)

١٦٢. عَنْ عَبْدِاﷲِ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اﷲِ صلي الله عليه وآله وسلم : أَلنَّظْرُ إِلَي وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي الْمُعْجَمِ الْکَبِيْرِ.

”حضرت عبد اﷲ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : علی کے چہرے کو تکنا عبادت ہے۔ اس حدیث کو امام حاکم نے اور طبرانی نے المعجم الکبیر میں روایت کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٦٢ : أخرجه الحاکم في المستدرک، ٣ / ١٥٢، الحديث رقم : ٤٦٨٢، و الطبراني في المعجم الکبير، ١٠ / ٧٦، الحديث رقم : ١٠٠٠٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١١٩، (و قال الهيثمي وثقه ابن حبان و قال مستقيم الحديث)، و الديلمي في الفردوس بمأثور الخطاب، ٤ / ٢٩٤، الحديث رقم : ٦٨٦٥ (عن معاذ بن جبل)، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٥ / ٥٨.

١٦٣. عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اﷲِ صلي الله عليه وآله وسلم : أَلنَّظْرُ إِلَي عَلِيٍّ عِبَادَةٌ، رَوَاهُ الْحَاکِمُ.

وَ قَالَ هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

”حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : علی کی طرف دیکھنا بھی عبادت ہے۔ اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور کہا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔“

الحديث رقم ١٦٣ : أخرجه الحاكم في المستدرک، ٣ / ٥٢، الحديث رقم : ٤٦٨١، و الديلمي في الفردوس بمأثور الخطاب، ٤ / ٢٩٤، الحديث رقم : ٦٨٦٦، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٢ / ١٨٣.

١٦٤. عَنْ طَلِيْقِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ : رَأَيْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ يَحِدُّ النَّظْرَ إِلَي عَلِيٍّ فَقِيْلَ لَهُ‘ فَقَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ االلّٰهِ صلي الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ : النَّظْرُ إِلَي عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ فِي الْمُعْجَمِ الْکَبِيْرِ.

” حضرت طلیق بن محمد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہے تھے۔ کسی نے ان سے پوچھا کہ آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی کی طرف دیکھنا بھی عبادت ہے۔ اس حدیث کو طبرانی نے” المعجم الکبير “میں روایت کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٦٤ : أخرجه الطبراني في المعجم الکبير، ١٨ / ١٠٩، الحديث رقم : ٢٠٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٠٩.

١٦٥. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ االلّٰهِ صلي الله عليه وآله وسلم : ذِکْرُ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ، رَوَاهُ الدَّيْلِمِيُّ.

” حضرت عائشہ رضی اﷲ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : علی کا ذکر بھی عبادت ہے۔ اس حدیث کو دیلمی نے روایت کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٦٥ : أخرجه الديلمي في الفردوس بمأثور الخطاب، ٢ / ٢٤٤، الحديث رقم : ١٣٥١.

١٦٦. عَنْ عَائِشَةَ رضي االله عنها قَالَتْ : رَأَيْتُ أَبَابَکْرٍ يُکْثِرُ النَّظْرَ إِلَي وَجْهِ عَلِيٍّ فَقُلْتُ لَهُ : يَا أَبَتِ! أَرَاکَ تُکْثِرُ النَّظْرَ إِلَي وَجْهِ عَلِيٍّ فَقَالَ : يَا بُنَيَةُ! سَمِعْتُ رَسُوْلَ االلّٰهِ صلي الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ : النَّظْرُ إِلَي وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاکِرَ فِي تَارِيْخِهِ.

”حضرت عائشہ رضی اﷲ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے اپنے والد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ کثرت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے چہرے کو دیکھا کرتے۔ پس میں نے آپ سے پوچھا، اے ابا جان! کیا وجہ ہے کہ آپ کثرت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے چہرے کی طرف تکتے رہتے ہیں؟ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جواب دیا : اے میری بیٹی! میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی کے چہرے کو تکنا بھی عبادت ہے۔ اس حدیث کو ابن عساکر نے”تاریخ دمشق الکبير“ میں بیان کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٦٦ : أخرجه ابن عساکر في تاريخه، ٤٢ / ٣٥٥، و الزمخشري في مختصر کتاب الموافقة : ١٤.

١٦٧. عَنْ عَبْدِ االلهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ : قَالَ : رَسُوْلُ االله صلي الله عليه وآله وسلم : النَّظْرُ إِلي عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ فِي تَارِيْخَةِ.

”حضرت عبدااللہ بن مسعود رضی االلہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ اس حدیث کو ابن عساکر نے”تاریخ دمشق الکبیر“ میں بیان کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٦٧ : أخرجه ابن عساکر في تاريخ دمشق الکبير، ٤٢ / ٣٥١.

١٦٨. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ مَعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ االلهِ صلي الله عليه وآله وسلم : النَّظْرُ إِلَي وَجْه عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاکِرَ فِي تَارِيْخَةِ.

”حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت معاذ بن جبل سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : علی کے چہرے کو تکنا عبادت ہے۔ اس حدیث کو ابن عساکر نے”تاریخ دمشق الکبیر“ میں بیان کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٦٨ : أخرجه ابن عساکر في تاريخ دمشق الکبير، ٤٢ / ٣٥٣.

١٦٩. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ االلهِ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ االلهِ صلي الله عليه وآله وسلم النَّظْرُ إِلَي عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاکِرَ فِي تَارِيْخَةِ.

”حضرت جابر بن عبدااللہ رضی االلہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : علی کے چہرے کو تکنا عبادت ہے۔ اس حدیث کو ابن عساکر نے”تاریخ دمشق الکبیر“ میں بیان کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٦٩ : أخرجه ابن عساکر في تاريخ دمشق الکبير، ٤٢ / ٣٥٣.

١٧٠. عَنْ أَنَسَ بْنِ مَالِکٍ قَالَ : قَالَ النَّبِيُّ صلي الله عليه وآله وسلم النَّظْرُ إِلَي عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاکِرَ فِي تَارِيْخَةِ.

”حضرت انس بن مالک رضی االلہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : علی کے چہرے کو تکنا عبادت ہے۔ اس حدیث کو ابن عساکر نے ”تاریخ دمشق الکبیر“ میں بیان کیا ہے۔“

الحديث رقم ١٧٠ : أخرجه ابن عساکر في تاريخ دمشق الکبير، ٤٢ / ٣٥٣.